**07-08-2024**

**13.50 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ماجد علی

Music

-------------------------------

☆ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نیوزی لینڈ کے تین روزہ سرکاری دورے پر آکلینڈ پہنچ گئی ہیں۔

☆ حکومت ملک کے Tier-2 اور Tier-3 شہروں میں IT صنعت کو وسعت دینے کا منصوبہ رکھتی ہے تاکہ اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے انقلاب سے ہر شہری استفادہ کرسکے۔

☆ سی بی آئی نے اُس واقعے کی تحقیقات اپنے ہاتھ میں لے لی ہے جس میں دلی کے ایک کوچنگ سینٹر میں پانی بھر جانے کے بعد IAS کی تیاری کررہے تین طلبا کی ڈوبنے سے موت ہوگئی تھی۔

☆ بنگلہ دیش میں فوج میں اعلیٰ سطح پر اہم ردوبدل کے بعد نئے حکام نے ملک کی پولیس فورس کی تشکیلِ نو کی ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ چار دن کے دوران ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں دور دور تک بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ بھارت کی سرکردہ کُشتی کھلاڑی ونیش پھوگاٹ محض کچھ گرام سے اوورویٹ ہونے کے سبب پیرس اولمپکس سے نااہل قرار دے دی گئی ہیں۔

☆ اور کرکٹ میں۔۔آج دوپہر کولمبو میں بھارت اور میزبان سری لنکا کے درمیان تیسرا اور آخری ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PREZ VISIT**

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نیوزی لینڈ کے دو روزہ سرکاری دورے پر آج آکلینڈ پہنچی ہیں۔ وہ گورنر جنرل Dame Cindy Kiro کی دعوت پر نیوزی لینڈ کا دورہ کررہی ہیں اور 8 برس بعد یہ صدارتی دورہ ہورہا ہے۔ صدرجمہوریہ کے نیوزی لینڈ کے دورے میں آئندہ دو دنوں میں وسیع تر معاملات کا احاطہ کیا جائے گا۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو گورنر جنرل Dame Cindy Kiro اور وزیراعظم Christopher Luxon سے دو طرفہ میٹنگیں کریں گی۔ صدرجمہوریہ ویلنگٹن میں تعلیم سے متعلق عالمی کانفرنس سے خطاب بھی کریں گی جس میں بھارت مہمان اعزازی ہے۔ وہ آکلینڈ میں وہاں آباد بھارتی آبادی سے بات چیت بھی کریں گی۔ اُن کے اس دورے سے کئی شعبوں میں بڑھتے تعلقات کو مزید وسعت ملے گی۔ X

## LS IT

حکومت ملک کے Tier-2 اور Tier-3 شہروں میں اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی صنعت کو وسعت دینے کا منصوبہ رکھتی ہے تاکہ اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے انقلاب سے ہر شہری استفادہ کرسکے۔ لوک سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے الیکٹرانک اور IT محکمے کے وزیر مملکت جتن پرساد نے کہاکہ حکومت نے 65 سافٹ ویئر ٹیکنالوجی کے پارکس قائم کئے ہیں جن میں سے 57 Tier-2 اور Tier-3 شہروں میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ملک کے دیہی حصے میں کنیکٹویٹی میں اضافہ کرنے اور IT ہبس قائم کرنے کیلئے مزید اقدامات کرے گی۔ جناب پرساد نے کہاکہ آئی ٹی شعبے میں نوکریوں کے 54 لاکھ مواقع پیدا کئے گئے ہیں اور ان میں سے 37 فیصد خواتین ہیں۔ X

## MEA BISSTEC SUMMIT

خارجی امور کے وزیر مملکت Pabitra Margherita نے کہا ہے کہ CII بمسٹیک کاروباری فورم، سرکاری اور پرائیویٹ شعبوں، پالیسی سازوں اور مفکرین، صنعت وتعلیم اور کاروباری انجمنوں کے نمائندوں نیز انفرادی سرمایہ کاروں کو ایک جگہ جمع ہونے کا موقع فراہم کررہا ہے۔ کل نئی دلی میں سربراہ کانفرنس سے اپنے خطاب میں جناب Margherita نے کہاکہ یہ بات حوصلہ افزا ہے کہ جنس کو اصل دھارے میں لانا کاروباری سمٹ کے ایجنڈے کا ایک حصہ ہے۔ اُنھوں نے مزید کہاکہ یہ وزیراعظم نریندرمودی کے ترقی کے نظریہ سے مطابقت رکھتا ہے جو نہ صرف خواتین پر مرکوز ہے بلکہ خواتین کی قیادت پر مبنی ہے۔ اُنھوں نے کہاکہ خواتین کی قیادت میں ترقی بھارت کی جی 20 کی صدارت کا ایک جامع عنصر تھا اور یہ پائیدار ترقی کیلئے لازمی ہے۔ جناب Margherita نے اس بات پر زور دیا کہ بمسٹیک خطہ دنیا کی آبادی کے تقریبا 25 فیصد پر مشتمل ہے جہاں قدرتی اور انسانی دونوں وسائل موجود ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ بمسٹیک بھارت کیلئے خصوصیت کا حامل ہے اور یہ ہماری پڑوس مقدم، مشرق نواز اور ساگر پالیسیوں کا مرکز ہے۔ X

## CBI COACHING DEATH

مرکزی جانچ بیورو CBI نے دلی کے ایک کوچنگ سینٹر میں پانی بھر جانے کے بعد IAS کی تیاری کررہے تین طلبا کی موت کی تحقیقات کا معاملہ اپنے ہاتھ میں لیا ہے۔ اس سے قبل دلی پولیس اس معاملے کی تحقیقات کررہی تھی۔ گزشتہ دنوں قومی راجدھانی کے اولڈ راجندر نگر میں ایک کوچنگ سینٹر کے بیسمنٹ میں پانی بھرجانے کے بعد IAS کی تیاری کررہے تین طلبا کی ڈوبنے سے موت ہوگئی تھی۔ مرکزی وزارت داخلہ نے اس واقعے کی تحقیقات کیلئے ایک کمیٹی بھی تشکیل دی ہے۔ یہ کمیٹی حادثے کی وجوہات، جوابدہی طے کرنے، احتیاطی اقدامات اور پالیسی میں تبدیلی کی سفارشات کے حوالے سے انکوائری کرے گی۔ x

## PUDUCHERRY NEW LG

آج K. Kailashnathan نے پڈوچیری کے لیفٹینٹ گورنر کی حیثیت سے حلف لیا۔ مدراس ہائی کورٹ کے کارگزار چیف جسٹس ڈی کرشن کمار نے راج نواس میں انہیں عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ وزیراعلی این رنگاسوامی، اُن کے کابینی رفقاء، ارکان اسمبلی اور مرکز کے زیرانتظام علاقے کے عہدیداران نے اس تقریب میں شرکت کی۔ X

## BANGLADESH POLICE FORCE

بنگلہ دیش میں فوج میں اعلیٰ سطح پر بڑے پیانے پر ردوبدل کئے جانے کے بعد نئے حکام نے آج ملک کی پولیس فورس کی تشکیل نو کی ہے۔ نئی حکومت نے پولیس کے ایڈیشنل انسپکٹر جنرل محمد ہارون Ar-Rashid کو ریپڈ ایکشن بٹالین کے ڈائریکٹر جنرل کے عہدے سے ہٹا دیا ہے۔ اُن کی جگہ AKM Shahidur Rahman نے لی ہے۔ محمد معین الحسن کو ڈھاکہ میٹرو پولیٹن پولیس کا نیا کمشنر مقرر کیا گیا ہے۔ امورِ داخلہ کی وزارت کے تحت Public Security Division نے اِس بارے میں ایک نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔x

## MEA DHAKA

ڈھاکہ میں بھارتی ہائی کمیشن کے اضافی اسٹاف اور کنبے رضاکارانہ بنیاد پر کمرشیل پرواز کے ذریعے بنگلہ دیش

سے بھارت واپس آگئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ سبھی سفارتکار ہائی کمیشن میں موجود ہیں اور ہائی کمیشن میں کام کاج ہورہا ہے۔×

## IMD WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں آئندہ چار روز کے دوران دور دور تک بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ہماچل پردیش، مغربی اترپردیش، مشرقی مدھیہ پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی آج بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔اِس دوران جموں وکشمیر، مشرقی اترپردیش، مشرقی راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں اگلے دو سے تین روز کے دوران شدید بارش کے حالات رہیں گے۔تمل ناڈو، ساحلی آندھرا پردیش، تلنگانہ اور گوا میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ x

## TAGORE DEATH ANNIVERSARY

ملک آج سرکردہ شاعر، مصنف، عظیم مفکر، سماجی مصلح اور ماہرتعلیم گرودیو رابندر ناتھ ٹیگور کو اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کررہا ہے۔ نوبل انعام یافتہ اور بھارت کے قومی ترانے کے مصنف کو یاد کرتے ہوئے وزیر داخلہ امت شاہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ گرودیو نے اپنی تخلیقات سے نہ صرف اپنی ثقافت، روایات اور بیداری کے تئیں معاشرے کو تحریک دی تھی، بلکہ ہم وطنوں میں خودداری کا جذبہ پیدا کرکے آزادی کی تحریک کو نئی توانائی بھی فراہم کی تھی۔ جناب امت شاہ نے کہاکہ ٹیگور نے وشوبھارتی یونیورسٹی قائم کرکے پوری دنیا کو بھارتی فلسفے سے روشناس کرایا۔ کوئلے اور کانوں کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی اور صارفین کے امور، خوراک اور سرکاری نظامِ تقسیم کے وزیر پرہلاد جوشی نے بھی ممتاز شاعر کو شاندار خراجِ عقیدت پیش کیا۔×

## US OP ED INDIA

امریکی وزیر خارجہ انٹنی بلنکن اور وزیر دفاع Lioyd Austin نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ مختلف شعبوں میں مل کر سرمایہ کاری کررہے ہیں۔ امریکہ کے ایک سرکردہ روزنامے میں ایک مشترکہ تحریر میں چوٹی کے دونوں عہدیداروں نے بائیڈن انتظامیہ کی بھارت-بحرالکاہل حکمت عملی کو دوطرفہ اور کثیر جہتی تعلقات کی انتہائی اہم کڑی قرار دیا۔ اُنہوں نے لکھا ہے کہ تعلقات کے ایک حصے کے طور پر امریکہ اور بھارت کواڈ کے ارکان کے طور پر اشتراک کرنے کے ساتھ ساتھ مصنوعی ذہانت اور سیمی کنڈکٹر جیسے مختلف شعبوں میں بھی ایک ساتھ مل کر سرمایہ کاری کررہے ہیں۔ عہدیداروں نے بتایا کہ امریکہ کی بھارت-بحرالکاہل حکمت عملی میں صدر جوبائیڈن کے بدلاؤ سے جو نتائج برآمد

ہوئے ہیں، وہ صدر بائیڈن اور نائب صدر ہیرس کی جانب سے پیش کی گئی خارجہ پالیسی، حکمت عملی میں انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ جنوبی چین کے سمندر میں چین کے جزیرے اور بحری تنازعے کا ذکر کرتے ہوئے دونوں عہدیداروں نے کہا کہ وہ خطے کی آبی گزرگاہوں میں چین کی خطرناک پالیسی کے خلاف ایک ساتھ مل کر کام کررہے ہیں۔×

## PAK NATIONAL TRUMP

پاکستان کے ایک باشندے پر جس کے رابطے مبینہ طور پر ایران سے ہیں، الزام ہے کہ اُس نے سابق امریکی صدر اور ریپبلکن پارٹی کے صدارتی امیدوار ڈونالڈ ٹرمپ اور دیگر بہت سے افسران کے قتل کی سازش تیار کی تھی۔ امریکہ کے اٹارنی جنرل Merrick Garland نے، جنھوں نے پاکستانی شہری آصف مرچنٹ کے خلاف کُل الزامات کا اعلان کیا تھا، کسی کا نام لیے بغیر اشارہ دیا ہے کہ اُس کا نشانہ سابق صدر ٹرمپ تھے۔ کُل Brooklyn وفاقی عدالت میں کھولی گئی ایک بند لفافے کی فوجداری شکایت کے مطابق آصف مرچنٹ نے پہلے کچھ دن ایران میں گزارے پھر وہ پاکستان چلا گیا اور یہاں سے وہ اپریل میں امریکہ فرار ہوگیا تاکہ وہ مبینہ سازش پر عمل کرنے کیلئے، حملہ آور لوگوں کو بھرتی کرسکے۔ شکایت میں کہا گیا ہے کہ یہ سازش اس لیے ناکام ہوگئی کہ مرچنٹ نے جس شخص سے رابطہ قائم کیا تھا، وہ FBI کے ساتھ کام کرنے والا ایک خفیہ مخبر تھا۔ عدالتی کاغذات میں کہا گیا ہے کہ اِس سازش کے بہت سے عناصر ہیں، جن میں ایک خاص مقام سے دستاویزات چوری کرنا، مظاہروں کی منصوبہ بندی، ایک سیاستداں یا سرکاری افسر کو ہلاک کرنا شامل ہے۔ کاغذات میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے شہری کو 12 جولائی کو گرفتار کیا گیا تھا، جب وہ ملک سے باہر فرار ہونے کی تیاری کر رہا تھا۔ x

## OLYMPIC UPDATE

پیرس اولمپکس میں بھارت کیلئے ایک افسوسناک واقعہ یہ ہوا ہے کہ پہلوان ونیش پھوگاٹ کو 50 کلوگرام فری اسٹائل کشتی مقابلے کا نااہل قرار دے دیا گیا ہے۔ ایسا فائنل میں اُن کے پہنچنے کے بعد چند گرام اوور ویٹ ہونے کی وجہ سے کیا گیا ہے۔ انڈین اولمپکس ایسوسی ایشن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ٹیم کی جانب سے رات بھر کی بھرپور کوششوں کے باوجود آج صبح اُن کا وزن 50 کلوگرام سے چند گرام زیادہ رہا۔ اِس سے پہلے ونیش پھوگاٹ نے عالمی نمبر ایک اور ٹوکیو اولمپک 2020 کی چمپئن جاپان کی Yui Susaki کو ہراکر کوارٹر فائنل کیلئے کوالیفائی کیا تھا۔ اِس کے بعد کوارٹر فائنل میں ونیش نے یوکرین کی Oksana Livach کو سات-پانچ سے ہرایا اور وہ سیمی فائنل میں پہنچ گئیں۔ سیمی فائنل میں وہ کیوبا کی Yusneylis Guzman Lopez کو ہراکر فائنل میں پہنچیں اور ایک تمغہ یقینی بنالیا تھا اور اولمپکس کے فائنل میں پہنچنے والی وہ پہلی بھارتی خاتون پہلوان بن گئیں۔

اب سب کی نگاہیں Manika Batra، Sreeja Akula اور Archana Kamath کی ٹیبل ٹینس ٹیم پر مرکوز ہے، جس کا مقابلہ سیمی فائنل میں پہنچنے کیلئے جرمنی سے ہو رہا ہے۔ایتھلیٹکس میں Hurdles مقابلے میں حصہ لینے والی ایتھلیٹ Jyothi Yarraji، اونچی چھلانگ لگانے والے Sarvesh Anik Kushare اور ٹرپل جمپ میں حصہ لینے والے Abdulla Narangolintevida اور Praveen Chithravel اپنے اپنے مقابلے کے پہلے راؤنڈ میں اپنی کارکردگی دکھائیں گے۔ بھارت کیلئے ایتھلیٹکس میں سب سے بڑا مقابلہ مردوں کے 3 ہزار میٹر Steeplechase کے فائنل میں ہوگا، جس میں Avinash Sable تمغہ جیتنے کیلئے میدان میں اتریں گے۔ فائنل کل کھیلا جائے گا۔x

## CRICKET ODI

بھارت اور سری لنکا کے درمیان تیسرا اور آخری ایک روزہ میچ آج کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں کھیلاجائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے شروع ہوگا۔ سری لنکا کو تین میچوں کی سیریز میں ایک-صفر کی سبقت حاصل ہے۔ اُس نے دوسرا ایک روزہ میچ 32 رن سے جیت لیا تھا۔ پہلا میچ ٹائی پر ختم ہوا تھا۔ بھارتی ٹیم کی کوشش ہوگی کہ وہ سری لنکا کے خلاف کوئی بھی میچ نہ ہارنے کے موجودہ سلسلے کو برقرار رکھے۔ بھارت نے 1997 کے بعد سے سری لنکا سے کوئی بھی کرکٹ سیریز نہیں ہاری ہے۔ x

---